© rasailojaraid.com



# شذرات علمیہ

## ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور کی جدید مطبوعات

ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور کی مطبوعات میں اس سال اور گراں قدر اضافہ ہوا ہے بلالؓ از سلیم گیلانی، ملفوظات شاہ میناؒ، مترجم لطیف اللہ، جوہر تقویم، ضیاء الدین لاہوری اور تاریخ فلسفۂ اسلام تصنیف ہوئی۔ ترجمہ ڈاکٹر سید عابد حسین اس کی اہم مطبوعات ہیں۔

پہلی کتاب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نامور اور بلند پایہ صحابی کے بارے میں حضرت بلالؓ کی شخصیت بڑی دلآویز اور پرکشش تھی۔ دین کی راہ میں ان کی عدیم المثال قربانیاں، السابقون الاولون میں شمار کا شرف، اسلام کے اولین موذن کی حیثیت سے ان کا منفرد مقام، ایک ادنیٰ غلام کے درجے سے ایک جلیل قدر مرتبے کے صحابی تک پہنچنے میں ان کا قابل رشک سفر، حضورؐ اور آپ کے اہلِ بیت سے ان کا رشتہ اخلاص، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمہ وقت قرب وصحبت کی سعادت، اسلام کی راہ میں ان کا جوہر استقامت و عزیمت، غرض کہ ان کی زندگی کا ایک ایک پہلو بڑے بڑے صحابہ کے لیے قابل رشک تھا۔ مصنف نے اس کے لیے ڈرامے کا انداز اختیار کیا ہے یا یہ حضرت بلال کی کہانی ان کی اپنی زبانی ہے اسلوب تحریر بھی بہت عمدہ ہے۔ اردو ادب میں ہمیشہ زندہ رہنے والی کتاب ہے۔ صفحات ۳۱۹۔ قیمت ۱۵۰ روپے۔

دوسری کتاب پندرھویں صدی عیسوی کے ایک بزرگ شیخ محمد المعروف بہ شاہ لکھنوی کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے اس کی اشاعت کی ضرورت کے بارے میں ادارے کے ڈائریکٹر نے لکھا ہے کہ موجودہ وقت میں ہمارے

© rasailojaraid.com